**30.03.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ......آسیہ میمونہ

**Music**

---

☆ وزیر داخلہ امت شاہ نے ملک سے ماؤنوازیت کے خاتمے میں نیم فوجی دستوں، پولیس اور عوام کی کوششوں کی تعریف کی۔ جناب شاہ نے کہا کہ بائیں بازو کی انتہا پسندی سے متاثرہ علاقوں میں ترقی پہنچ رہی ہے۔

☆ حکومت نے اِس بات کا یقین دلایا ہے کہ ملک میں کھاد، پیٹرول، ڈیزل، LPG اور PNG کا وافر ذخیرہ موجود ہے۔

☆ لوک سبھا نے ناداری اور دیوالیہ پن ترمیمی بل کو منظوری دے دی ہے، جس کے ذریعے شراکت داروں کے درمیان طریقۂ کار میں تاخیر اور وضاحت طلب امور کو حل کیا جائے گا۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی کل گاندھی نگر میں مہاویر جینتی کے موقع پر سمراٹ سمپرتی میوزیم کا افتتاح کریں گے۔ وزیر اعظم گجرات کے Vav-Tharad میں تقریباً 20ہزار کروڑ روپئے لاگت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا بھی آغاز کریں گے۔

☆ کھیلو انڈیا ٹرائبل گیمز میں رائے پور میں خواتین کے ہاکی میں میزورم اور اڈیشہ فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

**Final Eve LS Naxalism Debate**

وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ بائیں بازو کی انتہاپسندی نے متاثرہ علاقوں کی ترقی کو محدود کر دیا تھا لیکن اب نریندر مودی کی حکومت کے تحت، ان علاقوں تک ترقی پہنچ رہی ہے۔ جناب شاہ نے زور دے کر کہا کہ جو کوئی بھی ہتھیار اٹھائے گا، اُس کے ساتھ سختی سے نمٹا جائے گا اور گولی کا جواب گولی سے دیا جائے گا۔

جناب شاہ لوک سبھا میں، ضابطہ 193 کے تحت بائیں بازو کی انتہاپسندی سے ملک کو آزاد کرانے کی کوششوں پر ہونے والی بحث کا جواب دے رہے تھے۔

**SB - Amit Shah**

وزیر داخلہ نے کہا کہ نکسلیوں نے 12ریاستوں میں ریڈ کاریڈور بنایا تھا اور متاثرہ علاقوں میں قانون کی حکمرانی ختم ہو گئی تھی۔ انہوں نے کہا کہ بائیں بازو کی انتہا پسندی کی کارروائیوں میں تقریباً 20ہزار لوگ اپنی جانیں

گنوا چکے ہیں اور 12 کروڑ لوگ برسوں تک غربت میں زندگی گزارنے پر مجبور رہے اور انہیں ترقی نہیں مل سکی۔ 2014 کے بعد ملک کو بائیں بازو کی انتہا پسندی سے نجات دلانے کیلئے حکومت کی جانب سے کئے گئے اقدامات کو اجاگر کرتے ہوئے، جناب شاہ نے کہا کہ سکیورٹی نظام کو مستحکم کیا گیا ہے اور 596 حصار بند پولیس اسٹیشن قائم کئے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 2014 میں نکسلزم سے متاثرہ اضلاع کی تعداد 126 تھی، جو اب کم ہو کر صرف دو رہ گئی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ گزشتہ چھ برس میں 406 مرکزی مسلح پولیس فورسز کی یونٹیں قائم کی گئی ہیں اور سکیورٹی فورسز کو 400 بُلٹ پروف گاڑیاں فراہم کی گئی ہیں۔انہوں نے کہا کہ 2024 سے مارچ 2026 تک 706 نکسلیوں کو ہلاک کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ دو ہزار 218 نکسلیوں کو حراست میں لیا گیا اور چار ہزار 839 نکسلیوں نے ہتھیار ڈال دیئے۔

وزیرِ داخلہ نے بتایا کہ چھتیس گڑھ کے بَستر ڈویژن میں نکسلزم کا تقریباً صفایا ہوچکا ہے۔ انہوں نے ملک میں بائیں بازو کی انتہا پسندی کو ختم کرنے کیلئے چلائی گئی مہم سے وابستہ نیم فوجی اہلکاروں، ریاستی پولیس فورسز کی کوششوں کی ستائش کی۔ انہوں نے نکسلزم کو ختم کرنے کی کوششوں کے دوران اپنی جانیں قربان کرنے والے نوجوانوں اور نیم فوجی اہلکاروں کو خراجِ عقیدت بھی پیش کیا۔ x

## Rev West Asia Brief

حکومت نے آج یقین دلایا کہ مغربی ایشیا میں جاری تنازعے کے باوجود ملک میں کھاد کا مناسب ذخیرہ دستیاب ہے۔ نئی دلّی میں مغربی ایشیا کی موجودہ صورتحال پر بین وزارتی بریفنگ کے دوران، کھاد کے محکمے کی ایڈیشنل سکریٹری Aparna شرما نے بتایا کہ ملک کے یوریا پلانٹس، اِس وقت 80 فیصد صلاحیت کے ساتھ پیداوار کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں خریف سیزن کے دوران 390 ٹن کھادوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ خلیجی ملکوں کے علاوہ، دیگر ملکوں سے کھاد حاصل کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ وزارتِ خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ وزیرِ اعظم نریندر مودی فی الحال دنیا کے کئی ملکوں کے رہنماؤں کے ساتھ بات چیت کررہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ 28 مارچ کو وزیرِ اعظم نے سعودی عرب کے ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کے ساتھ بات چیت کی اور مغربی ایشیا میں جاری تنازعے کے سلسلے میں تبادلۂ خیال کیا۔ انہوں نے اجاگر کیا کہ جناب مودی نے مغربی ایشیا خطے میں توانائی کے بنیادی ڈھانچے پر حملے کی مذمت کی۔

**SB - 2045 - Randhir Jaiswal**

## Inadia LPG

تیل مارکیٹنگ کمپنیوں نے مختلف ریاستوں میں کمرشیل LPG اور PNG کی منصفانہ اور منظم تقسیم کو یقینی بنانے کیلئے ایگزیکٹو ڈائریکٹر سطح کی ایک تین رکنی کمیٹی تشکیل دی ہے۔ یہ بات پیٹرولیم اور قدرتی گیس کے وزیر مملکت سریش گوپی نے آج راجیہ سبھا میں ایک سوال کے تحریری جواب میں کہی۔

انہوں نے کہا کہ مغربی ایشیا کے موجودہ جغرافیائی اور سیاسی حالات کی وجہ سے ملک میں درآمد کی جانے والی

LPG کی دستیابی متاثر ہوئی ہے۔ جناب گوپی نے کہا کہ بھارت اپنی LPG کھپت کا تقریباً 60فیصد حصہ درآمد کرتا ہے اور اس میں سے تقریباً 90فیصد LPG آبنائے ہرمز کے راستے آتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے LPG کی سپلائی کو مستحکم رکھنے کیلئے کئی پیشگی اقدامات کیے ہیں۔

وزیر موصوف نے مزید بتایا کہ حکومت نے ریاستوں کو کمرشیل LPG کی فراہمی میں مزید 20فیصد کا اضافہ کیا ہے، جس کے بعد LPG کی مجموعی فراہمی، بحران سے پہلے کی سطح کے 70فیصد تک پہنچ گئی ہے۔x

## LS Bankruptcy Code

لوک سبھا نے آج دیوالیہ اور دیوالیہ پن سے متعلق ترمیمی بل 2025 کو زبانی ووٹ سے منظوری دے دی۔ اس بل کو پہلے ایک منتخبہ کمیٹی کے حوالے کیا گیا تھا۔ اس کا مقصد، دیوالیہ اور دیوالیہ پن سے متعلق ضوابط 2016 میں مزید ترمیم کرنا ہے تاکہ کمپنیوں اور کاروباری افراد کے سلسلے میں طریقۂ کار میں تاخیر اور تشریح طلب مسائل کو حل کیا جاسکے۔ لوک سبھا میں دیوالیہ اور دیوالیہ پن سے متعلق ترمیمی بل 2025پر بحث کا جواب دیتے ہوئے وزیر خزانہ نرملا سیتارمن نے کہا کہ یہ قانون صرف قرض کی وصولی کا نظام نہیں بلکہ ایک ایسا فریم ورک ہے جو کاروبار کو بچانے، مالی دباؤ کو حل کرنے اور اداروں کی قدر کو محفوظ رکھنے کے لیے بنایا گیا ہے۔x

## Fur Rev RS CAPF Bill

راجیہ سبھا میں مرکزی مسلح پولیس فورسز، CAPF (عام انتظامیہ) بل 2026 کو آج بحث اور منظوری کیلئے پیش کیا گیا۔ اِس بل کا مقصد مرکزی مسلح پولیس فورسز میں گروپ A ڈیوٹی افسران اور دیگر افسران کے تقرر اور خدمات کی شرائط کے عام قوانین کو منضبط کرنا ہے۔ بل میں اس بات کا التزام ہے کہ انسپکٹر جنرل رینک کے تمام عہدوں پر پچاس فیصد اور ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل، اسپیشل ڈائریکٹر جنرل اور ڈائریکٹر جنرل رینک کے تمام عہدوں میں کم از کم 67فیصد عہدوں پر انڈین پولیس سروس، IPS افسران کا Deputation پر تقرر کیا جائے۔ بحث کی شروعات کرتے ہوئے TMC کے محمد ندیم الحق نے بل کی مخالفت کی۔ جناب حق نے کہا کہ یہ بل انتظامی اصلاح نہیں ہے اور اس سے سنگین آئینی تحفظات پیدا ہوں گے۔ DMK کے تیروچی شیوا نے کہا کہ ملک کی سالمیت کا انحصار CAPF پر ہے۔x

## Eve PM Gujarat Visit

وزیر اعظم نریندر مودی کل گجرات کے ایک روزہ دورے پر جائیں گے۔ وزیرِ اعظم مودی کل Vav-Tharad کے مقام پر تقریباً 19ہزار 806 کروڑ روپے مالیت کے ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے اور سنگِ بنیاد رکھیں گے۔ جناب مودی بھارت سرکار کی وزارتِ بجلی، سڑک، ٹرانسپورٹ و شاہراہوں اور ریلوے کے تقریباً 10ہزار 921 کروڑ روپے کی مالیت کے ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے اور سنگِ بنیاد رکھیں گے۔ اس کے علاوہ، وہ 8 ہزار 886 کروڑ روپے کے پروجیکٹوں کا بھی افتتاح کریں گے، جن میں گجرات حکومت کے شہری ترقیات، آبی

وسائل، پانی کی فراہمی، سڑکوں و عمارتوں، جی آئی ڈی سی، صحت و خاندانی بہبود، سیاحت اور قبائلی ترقی کے محکموں سے متعلق پروجیکٹ شامل ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ ....

**VC - Harshal Pandya**

وزیرِ اعظم نریندر مودی کچھ ضلعے کے Khavda میں دنیا کے سب سے بڑے ہائبرڈ قابلِ تجدید توانائی پارک میں وزارتِ توانائی کے تین ہزار 664 کروڑ روپے کے تین پروجیکٹوں کو ملک کے نام وقف کریں گے۔ اس کے علاوہ، وہ Idar-Badoli بائی پاس چار لین سڑک اور ڈھولاویرا–سنتالپور سیکشن کا سنگِ بنیاد بھی رکھیں گے، جس کی لاگت تقریباً 750 کروڑ روپے ہے۔وزیرِ اعظم احمد آباد–دھولیرا ایکسپریس وے کے پیکیج 1 سے پیکیج 4 کا افتتاح بھی کریں گے، جو تقریباً پانچ ہزار 105 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر ہوا ہے۔ وہ وزارتِ ریلوے کے 891 کروڑ روپے کے پروجیکٹ کو بھی ملک کے نام وقف کریں گے۔ اس کے علاوہ، وہ کھیڈ براہما–ہمت نگر–اسروا ٹرین کو کھیڈ براہما سے روانہ بھی کریں گے۔

احمد آباد سے ہرشل پانڈیا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں کونین حیدر

## EC Notification TN WB

انتخابی کمیشن نے آج تمل ناڈو اور مغربی بنگال اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کیلئے نوٹیفکیشن جاری کردیا۔ نوٹیفکیشن جاری ہونے کے ساتھ ہی، مذکورہ ریاستوں میں کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا عمل شروع ہو گیا ہے۔تمل ناڈو کے تمام 234اسمبلی حلقوں کیلئے ایک ہی مرحلے میں پولنگ ہوگی، جبکہ مغربی بنگال کی 152سیٹوں کیلئے پہلے مرحلے کی ووٹنگ اگلے مہینے کی 23تاریخ کو ہوگی۔ نامزدگی پرچے بھرنے کا آخری دن اگلے مہینے کی 6تاریخ ہے، جبکہ کاغذات کی جانچ پڑتال اگلے دن کی جائے گی۔x

## Keralam Assembly Election

کیرالم میں اسمبلی انتخابات کیلئے گھر سے ووٹ ڈالنے کا عمل جاری ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ...

**VC - Smithy M Palluruthy**

کیرالم میں انتخابی مہم کیلئے مزید آٹھ دن باقی ہیں۔ اس دوران بزرگ شہریوں اور معذور افراد کیلئے گھر سے ووٹ ڈالنے کا عمل ریاست کے تمام 140اسمبلی حلقوں میں جاری ہے۔ ریاست میں 85سال سے زیادہ عمر کے ایک لاکھ 45ہزار بزرگ شہری گھر سے ووٹ ڈالنے والوں کی فہرست میں شامل ہیں۔ اس کے علاوہ، 40فیصد سے زیادہ معذور 62ہزار 220افراد بھی گھر سے ووٹ ڈالنے والوں کی فہرست میں شامل ہیں۔ پورے کیرالم میں گھر سے ووٹ ڈالنے میں سہولت فراہم کرنے دو ہزار 468ٹیمیں مقرر کی گئی ہیں۔

ترو ونت پورم سے Smithy M Palluruthy کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ضمیر رضوی

**Jaishankar EU**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج نئی دلّی میں یوروپی پارلیمنٹ کے اراکین سے ملاقات کی۔ اِن اراکین کی قیادت یوروپی پارلیمنٹ کے رکن Angelika Niebler نے کی۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ میٹنگ کے دوران، بھارت–یوروپی یونین تعلقات کی نئے باب پر تبادلہ خیال کیا گیا اور بھارت اور یوروپ کے درمیان بڑھتی ہم آہنگی پر بات چیت کی گئی۔ جناب جے شنکر نے اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ نئے دور میں یوروپی پارلیمنٹ تعاون کا ستون ہوگی۔x

**India Bosnia**

وزارت خارجہ میں شمالی یوروپ کے امور کے ایڈیشنل سکریٹری اور G-20 کی Sous شیرپا پوجا کپور نے بوسنیا اور Herzegovina کے وزیر خارجہ Eelmedin Dino Konakovic سے ملاقات کی تاکہ بھارت اور بوسنیا اور Herzegovina کے درمیان دوطرفہ مذاکرات کو آگے بڑھایا جا سکے۔x

**Afghanistan Flood**

افغانستان میں شدید بارش، سیلاب، مٹی کے تودے گرنے اور آندھی طوفان کے بعد ہلاکتوں کی تعداد 28 ہوگئی ہے، جبکہ 49 افراد زخمی ہوئے ہیں۔ افغانستان کی قدرتی آفات کی صورت میں کام کرنے والی قومی اتھارٹی کے مطابق پچھلے چند دنوں میں مختلف صوبوں میں شدید بارش اور طوفان کے باعث سیلاب، مٹی کے تودے کھسکنے اور آسمانی بجلی گرنے کے واقعات پیش آئے ہیں۔ مذکورہ اتھارٹی کے مطابق مزید معلومات سامنے آنے کے بعد ہلاکتوں کی تعداد میں اضافہ بھی ہو سکتا ہے۔x

**Khelo India Traibal Games**

چھتیس گڑھ میں جاری کھیلو انڈیا ٹرائمل گیمز میں خواتین کے ہاکی میں میزورم اور اڈیشہ فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ پہلے سیمی فائنل میں میزورم نے ایک سخت مقابلے میں جھارکھنڈ کو دو کے مقابلے تین گول سے شکست دی۔ وہیں دوسرے سیمی فائنل میں اڈیشہ نے مدھیہ پردیش کو صفر–آٹھ سے ہرا دیا۔ کھیلو انڈیا ٹرائمل گیمز کا آج چھٹا دن ہے۔ آج ہاکی اور فٹبال کے مقابلے رائے پور میں منعقد ہوئے، جبکہ کُشتی مقابلوں کا انعقاد امبیکاپور میں کیا گیا۔

مردوں کے ہاکی میں جھارکھنڈ نے پہلے سیمی فائنل میں مدھیہ پردیش کو ایک کے مقابلے آٹھ گول سے شکست دے کر فائنل میں جگہ بنالی ہے۔

امبیکاپور میں ہوئے خواتین کے کُشتی مقابلوں میں جھارکھنڈ کی Neha Oraon نے 53 کلو گرام زمرے میں اور کرناٹک کی منیشا سِدّھی نے 76 کلو گرام زمرے میں سونے کے تمغے جیتے۔

وہیں مردوں کے کشتی مقابلوں میں بہار کے ملاّئم Kharwar نے 65 کلو گرام زمرے میں سونے کا تمغہ اپنے نام کرتے ہوئے بہار کیلئے پہلا سونے کا تمغہ جیتا۔x

**Asian Boxing Championship**

ایشیائی باکسنگ چمپئن شپ 2026میں، پریتی پوار اور دیپک نے منگولیا کے Ulaanbatar میں بھارتی مہم کا مثبت آغاز کرتے ہوئے الگ الگ انداز میں جیت درج کی۔ خواتین کے 54 کلو گرام زمرے میں قزاخستان کی Elina Bazarova کو پانچ–صفر سے ہراکر زبردست جیت درج کی۔ مردوں کے 70 کلو گرام زمرے میں 2022 کی ایشین یوتھ باکسنگ چمپئن شپ میں کانسے کا تمغہ جیتنے والے دیپک نے ازبیکستان کے فاویس بیک اسداللہ ایو کے خلاف تین–دو کے منقسم فیصلے سے سخت مقابلے کے بعد فتح حاصل کی۔ کوارٹر فائنل میں پریتی کا مقابلہ منگولیا کی Enkhjargal Munguntsetseg سے ہوگا، جبکہ دیپک آخری آٹھ میں اردن کے زیاد ایشاش کا مقابلہ کریں گے۔x

**Archery Sheetal Devi**

بھارت کی Sheetal دیوی کو ورلڈ آرچری کی جانب سے ''سال 2025 کی پیرا تیر انداز'' قرار دیا گیا ہے۔ جموں و کشمیر سے تعلق رکھنے والی 19سالہ Sheetal دیوی بغیر بازوؤں والی پہلی اور واحد خاتون تیر انداز ہیں، جنہوں نے عالمی پیرا تیر اندازی چمپئن شپ میں سونے کا تمغہ جیتا۔ انہوں نے پچھلے سال جنوبی کوریا کے شہر Gwangju میں خواتین کے کمپاؤنڈ انفرادی مقابلے میں پہلی پوزیشن حاصل کی۔ انہوں نے عالمی چمپئن شپ میں تمغوں کا مکمل سیٹ بھی حاصل کیا، جس میں خواتین ٹیم کا چاندی کا تمغہ اور مکسڈ ٹیم کا کانسے کا تمغہ شامل ہے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆